© rasailojaraid.com



جناب شفیق الدین فاروقی

# دار العلوم کے شب و روز

**حضرت مہتمم صاحب کا سفر لیبیا:** حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ ۲۳رفروری کو لیبیا تشریف لے گئے وہاں عالمی اسلامی کانفرنس میں شرکت کی جس سے صدر معمر قذافی نے خطاب کیا۔ کانفرنس میں دنیا بھر سے سینکڑوں جید سربرآوردہ شخصیات اور اسلامی تحریکوں اور تنظیموں کے قائدین نے شرکت کی جس سے مولانا مدظلہ کی ملاقاتیں رہیں، تین دن قیام کے بعد مولانا مدظلہ کی واپسی ہوئی۔

**مولانا سمیع الحق کا لاہور۔ فیصل آباد۔ ڈسکہ وغیرہ کا سفر اہم دینی مدارس کا دورہ:**

جمعیۃ علماء اسلام کے سربراہ مولانا سمیع الحق نے کہا ہے کہ ۱۹۷۳ء کے آئین کی بحالی اور ترمیم کی باتیں چل رہی ہیں مگر اس کی آڑ میں اگر آئین کے کسی بھی اسلامی ترمیم یا طے شدہ امور کو چھیڑا گیا یا انہیں حذف کرنے کی کوشش کی گئی تو اسے ہرگز ہرگز برداشت نہیں کیا جائیگا۔ اور پورا ملک ان دفعات کے تحفظ کیلئے اٹھ کھڑا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ایل ایف او کے ذریعہ صدر پرویز مشرف کے آمرانہ اور جمہوریت کش دفعات کو حذف کرنے کی ہم تائید کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے فیصل آباد کے معروف ترین دورہ کے موقع پر دار القرآن فیصل آباد میں چار ہزار طلباء کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ مدرسہ پہنچنے پر مدرسہ کے مہتمم مولانا قاری محمد یاسین اوران کے صاحبزادوں کی قیادت میں طلباء و اساتذہ نے پرجوش استقبال کیا۔ حکومت کی سرگرمیاں مدرسوں کے طلباء کو بدنام کررہی ہیں ملک میں کوئی بھی سرکاری ادارہ یا کسی مدرسہ کو دہشت گردی کا مرکز ثابت نہ کرسکا یہ سب کچھ دینی مدارس کو بدنام کرنے کی سازش ہے۔ مولانا سمیع الحق نے کہا کہ مدارس اور مساجد کا ہر قیمت پر تحفظ کیا جائیگا۔

**جامعہ قاسمیہ میں مولانا ضیاء القاسمی کے خاندان سے اظہار ہمدردی:** یہاں سے فارغ ہوکر مولانا سمیع الحق نے جامعہ قاسمیہ غلام محمد آباد میں ایک بھرپور پریس کانفرنس کی جس میں فیصل آباد کے تمام مدارس کے منتظمین اور جید علماء کرام بھی موجود تھے، مولانا سمیع الحق نے کہا کہ امریکہ اور اسلام دشمن قوتیں طرح طرح کی کوششیں کررہی ہیں کہ مسلمانوں کو آپس میں لڑایا جائے اور انکے اندر فرقہ وارانہ اختلافات پیدا کیا جائے۔ مولانا سمیع الحق نے کہا کہ فیصل آباد کے واقعہ کا فرقہ واریت سے کوئی تعلق نہیں یہ ایک بہت بڑی سازش ہے لیکن ہم نے اس سے پہلے بھی اس طرح کی سازشوں کو ناکام بنایا ہے اور آج بھی اس گھناؤنی سازش کو بے نقاب کرنے کی ضرورت ہے۔ مولانا سمیع الحق نے کہا کہ بریلوی مسلک سے ہمارا کوئی جھگڑا نہیں ہے انکے اکابر مولانا نورانی، مولانا عبدالستار نیازی وغیرہ نے ہر اہم موقع پر

© rasailojaraid.com